SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

July 12, 2016

For immediate release

مالی سال 2015-16:ایس ای سی پی میں چھ ہزار دوسوئی کمپنیوں کی رجسٹریشن

اسلام آباد(جولائی ۱۵) سیکورٹیزاینڈایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں جون کے مہینے میں پانچ سو تہتر(573) نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں،اس طرح گزشتہ مالی سال میں چھ ہزار دو سو(6,200) کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں جو کہ گزشتہ سال کے اس مقابلے میں چوبیں فی صد زیادہ ہے۔جون کے مہینے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں ستاسی(87)فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، نو(9)فیصد سنگل ممبر جبکہ باقی چار(4)فیصد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد پچھتر ہے تعمیرات کے شعبے میں چھپن، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں پچپن، تجارت میں چوّن، سیاحت پنتیس، ایندھن وتوانائی میں ستائیس، رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ اور کھانے پینے اور مشروبات میں اکیس اکیس، نقل وحمل میں بیس، آٹو اور الائیڈ میں انیس، ادویات میں اٹھارہ، پاور جنریشن اور تعلیمی شعبے میں چودہ چودہ، انجینئرنگ اور کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں تیرہ تیرہ، مواصلات میں بارہ، براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں گیارہ، ٹیکسٹائل میں دس اور پچاسی کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں اور پانچ غیر ملکی کمپنیاں اسلام آباد اور لاہور میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں،جون کے مہینے میں تنتیس کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، چین، جرمنی، گھانا، ہانگ کانگ، جاپان، اردن، نیدرلینڈ، روس، ترکی، برطانیہ اور امریکہ سے ہے جبکہ یہ غیر ملکی سرمایہ کاری آٹو اور اس سے متعلقہ، براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ، تعمیرات، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، تعلیم، انجینئرنگ، انفرمیشن ٹیکنالوجی اور بہت سے دوسرے شعبوں میں کی گئی۔سب سے زیادہ رجسٹریشن ،کمپنی رجسٹریشن آفس اسلام آباد میں ہوئی جہاں دوسوچار کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ ایک سوتراسی لاہور، ایک سو تیس کراچی، فیصل آباد میں گیارہ، ملتان میں پندرہ، پشاور میں چوبیس اور سکھر میں چھ کمپنیاں رجسٹر ہوئی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432